احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

بدھ 16 جولائی 2008ء

روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10 -FD

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 16 جولائی 2008ء 12 رجب 1429 ہجری 16 وفا 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 161

دین کا فہم

حضرت معاویہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

جس شخص کو اللہ تعالیٰ بھلائی اور ترقی دینا چاہتا ہے اسے دین کی سمجھ بوجھ عطا فرماتا ہے۔

(بخاری کتاب العلم باب من یرد اللّٰہ بہ خیرا حدیث نمبر 69)

خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے مبارک موقع پر

42 واں جلسہ سالانہ جماعت ہائے احمدیہ برطانیہ 2008ء

27,26,25 جولائی بروز جمعۃ المبارک، ہفتہ، اتوار

احمدیہ ٹیلی ویژن پر ٹیلی کاسٹ ہونے والے LIVE پروگرام

خدا تعالیٰ کے فضل سے خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے موقع پر جماعت احمدیہ برطانیہ کا 42 واں جلسہ سالانہ مورخہ 25، 26، 27 جولائی 2008ء بروز جمعۃ المبارک، ہفتہ، اتوار منعقد ہو رہا ہے۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اس بابرکت موقع پر خطبہ جمعہ کے علاوہ چار خطابات ارشاد فرمائیں گے۔ اس جلسہ کے تمام پروگرام احمدیہ ٹیلی ویژن پر براہ راست ٹیلی کاسٹ کئے جائیں گے۔ پاکستانی وقت کے مطابق تفصیل درج ذیل ہے۔ احباب جماعت اس روحانی جلسہ سے زیادہ سے زیادہ استفادہ فرمائیں۔

جمعۃ المبارک 25 جولائی 2008ء

6:00 بجے سہ پہر — **خطبہ جمعہ براہ راست حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ**
9:25 بجے رات — **پرچم کشائی**
9:30 بجے رات — تلاوت قرآن کریم اردو ترجمہ و نظم

افتتاحی خطاب حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ

ہفتہ 26 جولائی 2008ء

3:00 بجے دوپہر — تلاوت قرآن کریم اردو ترجمہ و نظم
3:20 بجے دوپہر — تقریر انگریزی۔ عصر حاضر میں خلافت کی اہمیت
(مکرم راویل بنجارائف صاحب)
3:50 بجے دوپہر — تقریر اردو۔ خلافت احمدیت اور خدمت قرآن
(مکرم مولانا نصیر احمد قمر صاحب)
4:30 بجے سہ پہر — تقریر انگریزی۔ خلافت راشدہ
(مکرم مولانا عطاء المجیب صاحب راشد)
5:00 بجے سہ پہر — **حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا خواتین سے خطاب**
8:30 بجے شام — معزز مہمانوں کے مختصر خطابات
9:00 بجے رات — تلاوت قرآن کریم اردو ترجمہ و نظم

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا دوسرے روز کا خطاب

اتوار 27 جولائی 2008ء

3:00 بجے دوپہر — تلاوت قرآن کریم اردو ترجمہ و نظم
3:20 بجے دوپہر — تقریر اردو۔ برکات خلافت اور ہماری ذمہ داریاں
(مکرم سید محمود احمد شاہ صاحب)
3:50 بجے سہ پہر — اردو نظم
4:00 بجے سہ پہر — تقریر انگریزی۔ خلافت احمدیہ کے سو سال
(مکرم رفیق احمد حیات صاحب)
4:30 بجے سہ پہر — اردو نظم
4:40 بجے سہ پہر — معزز مہمانوں کے مختصر خطابات
5:10 بجے سہ پہر — تقریر اردو۔ نظام خلافت کی اہمیت
(مکرم سید میر محمود احمد ناصر صاحب)
6:10 بجے سہ پہر — **عالمی بیعت**
8:30 بجے شام — معزز مہمانوں کے مختصر خطابات
9:00 بجے رات — تلاوت قرآن کریم اردو ترجمہ و نظم

اختتامی خطاب حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ

فوری ضرورت اساتذہ

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم کے ساتھ نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ محلّہ دار الیمن وسطی ربوہ میں ناصر ہائی سکول کے نام سے لڑکوں کے لئے ایک اردو میڈیم سکول کا آغاز کر رہی ہے۔ نئے تعلیمی سیشن (اگست 2008ء) سے اس سکول میں چھٹی کلاس سے نہم کلاس تک (لڑکوں کے لئے) باقاعدہ تدریس کا آغاز ہو جائے گا۔ لڑکوں کے اس سکول کے لئے نظارت تعلیم کو مندرجہ ذیل مضامین کے لئے ایسے احمدی مرد اساتذہ کی ضرورت ہے جو وقف کے جذبے کے ساتھ خدمت کا شوق رکھتے ہوں۔ مذکورہ اہلیت کے حامل احمدی اساتذہ سے درخواست ہے کہ وہ اپنی درخواستیں بنام ناظر تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ مصدقہ از صدر محلّہ/امیر جماعت مع اپنی اسناد کی نقول فوری نظارت تعلیم میں جمع کروا دیں۔

واقفین نو میں سے اگر کوئی اس معیار پر پورا اترتے ہوں تو ان کی درخواست کو ترجیحاً زیر غور لایا جائے گا۔

فزکس۔ ایم ایس سی/بی ایس سی + بی ایڈ/بی ایس ایڈ ترجیحی اہلیت: تجربہ

بیالوجی۔ ایم ایس سی/بی ایس سی + بی ایڈ/بی ایس ایڈ ترجیحی اہلیت: تجربہ

عربی۔ ایم اے عربی + بی ایڈ ترجیحی اہلیت: تجربہ

آرٹ ٹیچر۔ ایم اے/بی اے + فائن آرٹ میں کم از کم ڈپلومہ ترجیحی اہلیت: فنون آرٹ میں مہارت

باقی صفحہ 11 پر

ضرورت اساتذہ

نصرت جہاں اکیڈمی انگلش میڈیم بوائز میں انگریزی، میتھ، کیمسٹری اور بیالوجی کی تدریس کیلئے جماعتی خدمت سے سرشار اساتذہ کی ضرورت ہے۔ خواہشمند احباب اپنی درخواستیں صدر صاحب محلّہ/امیر صاحب جماعت کی تصدیق کے ساتھ بنام چیئرمین صاحب ناصر فاؤنڈیشن ربوہ کو لکھ کر ادارہ ہذا کو مورخہ 31 جولائی 2008ء تک بھجوا دیں۔

قابلیت: ایم ایس سی/بی ایس سی، بی ایڈ
ایم اے/بی اے، بی ایڈ

(پرنسپل نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ

مرتبہ: مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی (حالات اور خدمات)

نمبر 4

سوال: حضور نے ضرورت مذہب پر کب لیکچر دیا۔

جواب: 22 جنوری 1920ء کو۔

سوال: حضور نے ''مستقبل میں امن کا قیام اسلام سے وابستہ ہے'' کے موضوع پر کب تقریر فرمائی۔

جواب: 15 فروری 1920ء کو بریڈلا ہال لاہور میں۔

سوال: ''دنیا کا آئندہ مذہب اسلام ہوگا'' حضور نے یہ خطاب کب اور کہاں فرمایا۔

جواب: 11/اپریل 1920ء کو سیالکوٹ میں۔

سوال: ''نونہالان جماعت مجھے کچھ کہنا ہے'' آپ نے یہ نظم کب لکھی۔

جواب: جون 1920ء میں۔

سوال: حضور کا حضرت سیدہ مریم بیگم صاحبہ المعروف ''اُم طاہر'' بنت حضرت ڈاکٹر سید عبدالستار شاہ صاحب سے نکاح کب ہوا۔

جواب: 7 فروری 1921ء کو۔

سوال: مبلغین کلاس کا اجراء کب ہوا۔

جواب: 21 جون 1921ء کو۔

سوال: حضور نے ہستی باری تعالیٰ کے عنوان پر کب خطاب فرمایا۔

جواب: جلسہ سالانہ 1921ء کے موقع پر۔

سوال: مصر میں مشن قائم کرنے کے لئے کون روانہ ہوئے اور کب۔

جواب: مکرم شیخ محمود احمد صاحب عرفانی 18 فروری 1922ء کو قادیان سے روانہ ہوئے۔

سوال: حضور کی کونسی تصنیف ایڈورڈ ہشتم کو پیش کی گئی۔

جواب: 27 فروری 1922ء کو جماعت احمدیہ کے وفد نے حضور کی تصنیف ''تحفہ شہزادہ ویلز'' لاہور میں ایڈورڈ ہشتم کو پیش کی۔ یہ کتاب انہی کے لئے لکھی گئی تھی۔

سوال: حضور نے پنجاب کی اچھوت اقوام میں دعوت الی اللہ کی سکیم کب پیش فرمائی۔

جواب: اپریل 1922ء میں۔

سوال: جماعت احمدیہ کی مستقل طور پر پہلی مجلس شوریٰ کب منعقد ہوئی۔

جواب: 16,15/اپریل 1922ء کو۔

سوال: حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے حفظ قرآن کی تحریک کب فرمائی۔

جواب: مئی 1922ء میں۔

سوال: انگریزی اخبار ''البشریٰ'' کی اشاعت کب اور کہاں سے شروع ہوئی۔

جواب: 20 مئی 1922ء کو قادیان سے۔

سوال: حضور نے لجنہ اماء اللہ کی بنیاد کب رکھی۔

جواب: 25 دسمبر 1922ء کو۔

سوال: منارۃ المسیح کی تکمیل کب ہوئی۔

جواب: 16 فروری 1923ء کو۔

سوال: تحریک شدھی کے خلاف جہاد کا اعلان کب فرمایا۔

جواب: 7 مارچ 1923ء کو۔

سوال: آپ نے تحریک شدھی کے علاقہ میں مجاہدین کا پہلا وفد کب روانہ فرمایا۔

جواب: 12 مارچ 1923ء کو۔

سوال: جرمنی میں مشن قائم کرنے کے لئے کون تشریف لے گئے اور کب۔

جواب: 18 دسمبر 1923ء کو محترم ملک غلام فرید صاحب جرمنی میں مشن قائم کرنے کے لئے برلن پہنچے۔

سوال: حضور پہلے سفر یورپ کے لئے کب روانہ ہوئے۔

جواب: حضور 12 جولائی 1924ء کو سفر یورپ کیلئے قادیان سے روانہ ہوئے۔

سوال: دمشق کب پہنچے اور اس سفر کی اہمیت کیا ہے۔

جواب: 4/اگست 1924ء کو حضور دمشق پہنچے اور نزول مسیح کی پیشگوئیوں میں سے ایک پیشگوئی ظاہری طور پر بھی پوری ہوئی۔

ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام

پیر 21 جولائی 2008ء

12-30 am	عربی سروس
2-30 am	خبریں
3-05 am	گلشن وقف نو
4-05 am	احمدیہ پیس ویلج
4-35 am	عربی سیکھیے
5-05 am	دورہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز
5-40 am	سیرت النبی ﷺ
6-05 am	تلاوت، درس، خبریں
7-00 am	احمدیہ پیس ویلج
7-30 am	لقاء مع العرب
8-40 am	خطبہ جمعہ
9-40 am	عربی سیکھیے
10-10 am	سوال وجواب
11-05 am	سیرت النبی ﷺ
11-25 am	دورہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز
12-00 pm	تلاوت، درس، خبریں
1-00 pm	جامعہ احمدیہ کلاس
2-20 pm	فرانسیسی سروس
2-45 pm	تقاریر جلسہ سالانہ
3-25 pm	فرانسیسی سروس
4-25 pm	انڈونیشین سروس
5-20 pm	طب وصحت (بالوں کی حفاظت)
6-00 pm	تلاوت، درس، خبریں
7-20 pm	بنگلہ سروس
8-05 pm	خطبہ جمعہ
9-10 pm	تقاریر جلسہ سالانہ
10-05 pm	جامعہ احمدیہ کلاس
11-05 pm	فرانسیسی سیکھیے
11-30 pm	فرانسیسی سروس

منگل 22 جولائی 2008ء

12-35 am	عربی سروس
1-35 am	لقاء مع العرب
2-40 am	خبریں
3-15 am	جامعہ احمدیہ کلاس
4-35 am	خطبہ جمعہ
5-35 am	تقاریر جلسہ سالانہ
6-15 am	تلاوت، درس، خبریں
7-10 am	فرانسیسی سروس
7-30 am	لقاء مع العرب
8-40 am	خطبہ جمعہ
9-45 am	تقاریر جلسہ سالانہ
10-20 am	طب وصحت
11-00 am	فرانسیسی سروس
12-00 pm	تلاوت، درس، خبریں
1-10 pm	گلشن وقف نو
2-10 pm	سوال وجواب
3-35 pm	مقصد حیات
4-05 pm	انڈونیشین سروس
5-00 pm	سندھی سروس
6-00 pm	تلاوت، درس، خبریں
7-05 pm	بنگلہ سروس
8-05 pm	جلسہ سالانہ قادیان 2005ء
9-00 pm	گلشن وقف نو
9-55 pm	سوال وجواب
11-20 pm	انتخاب سخن

بدھ 23 جولائی 2008ء

12-30 am	عربی سروس
2-30 am	خبریں
3-00 am	گلشن وقف نو
3-55 am	مقصد حیات
4-25 am	ایم ٹی اے ٹریول
5-00 am	جلسہ سالانہ قادیان 2005ء
6-00 am	تلاوت، درس، خبریں
7-05 am	عربی سیکھیے
7-20 am	لقاء مع العرب
8-25 am	گلشن وقف نو
9-20 am	سفر بذریعہ ایم ٹی اے
9-40 am	سوال وجواب
11-10 am	جلسہ سالانہ قادیان 2005ء
12-00 pm	تلاوت، درس، خبریں
1-05 pm	گلشن وقف نو
2-10 pm	سیرت حضرت مسیح موعود
3-00 pm	سوال وجواب
4-05 pm	انڈونیشین سروس
5-00 pm	سواحیلی سروس
6-00 pm	تلاوت، درس، خبریں
7-05 pm	بنگلہ سروس
8-05 pm	خطبہ جمعہ 13 جون 1986ء
9-10 pm	جلسہ UK
9-45 pm	گلشن وقف نو
10-50 pm	کوئز: خلافت جوبلی

باقی صفحہ 12 پر

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم ظفر احمد ظفر صاحب

حضرت ابوبکر صدیقؓ کا عشق و اطاعت رسولؐ

حضرت ابوبکر صدیقؓ رسول اللہ ﷺ کے یار غار تھے۔ آپؓ کا نام عبداللہ تھا اور کنیت ابوبکر۔ والد کی کنیت ابوقحافہ تھی اور نام عثمان بن عامر۔ والدہ کی کنیت ام الخیر تھی اور نام سلمٰی بنت صخر بن عامر۔ بعض کتابوں میں لکھا ہے کہ اسلام لانے سے قبل حضرت ابوبکر کا نام عبدالکعبہ تھا لیکن اسلام قبول کرنے کے بعد رسول اللہ نے یہ مشرکانہ نام تبدیل کر کے عبداللہ رکھ دیا"۔

(ابوبکر از محمد حسین ہیکل سابق وزیر معارف مصر ترجمہ:۔شیخ محمد احمد پانی پتی ص 39)

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

اگر تم اس (رسول) کی مدد نہ کرو تو اللہ (پہلے بھی) اس کی مدد کر چکا ہے جب اسے ان لوگوں نے جنہوں نے کفر کیا (وطن سے) نکال دیا تھا اس حال میں کہ وہ دو میں سے ایک تھا۔ جب وہ دونوں غار میں تھے اور وہ اپنے ساتھی سے کہہ رہا تھا کہ غم نہ کر یقیناً اللہ ہمارے ساتھ ہے۔

(سورۃ التوبہ:40)

قرآن کریم کی اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے جہاں اپنی اس نصرت کا ذکر فرمایا ہے جو ہجرت کے موقع پر آنحضرت ﷺ کے شامل رہی وہاں اس محبت کے تعلق کا بھی ذکر ملتا ہے جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو آنحضرت ﷺ کے ساتھ تھا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کو آپؐ کا صاحب اور سچا دوست قرار دیا۔

حضرت ابوبکر صدیقؓ ظہور اسلام سے قبل ہی آنحضرت ﷺ کے گہرے دوست تھے۔ اس تعلق محبت کا آغاز اس طرح ہوا کہ۔

آپؐ کا قیام مکہ کے اس محلے میں تھا جہاں حضرت خدیجہ بنت خویلدؓ اور دوسرے بڑے بڑے تاجر سکونت پذیر تھے اور جن کی تجارت یمن و شام تک پھیلی ہوئی تھی۔ اسی محلے میں رہنے کے باعث رسول اللہ سے ان کا رابطہ پیدا ہوا اور دونوں ایک دوسرے کے گہرے دوست بن گئے۔ یہ اس زمانے کی بات ہے جب آپؐ حضرت خدیجہؓ سے شادی کرنے کے بعد انہیں کے گھر منتقل ہو گئے تھے۔

بعثت سے قبل رسول اللہؐ عزلت اور گوشہ نشینی پسند کرتے تھے اور آپؐ نے کئی سال سے لوگوں کے ساتھ ملنا جلنا کم کر دیا تھا۔ جب اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو رسالت کے شرف سے مشرف کیا تو حضرت ابوبکر صدیقؓ کو کسی شخص کے ذریعہ معلوم ہوا کہ آنحضرت ﷺ نے نبی ہونے کا دعویٰ کیا ہے۔ حضرت ابوبکر فوراً آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور دریافت کیا کہ اے محمدؐ کیا آپ نے دعویٰ کیا ہے کہ اللہ آپؐ سے کلام کرتا ہے آپؐ نے فرمایا یہ بات درست ہے۔ اس پر آپ نے کسی قسم کے تردد کا اظہار نہ کیا اور ایک لمحے کے توقف کے بغیر ایمان لے آئے۔ چنانچہ خود رسولؐ اللہ فرماتے ہیں۔

میں نے جس کسی کو اسلام کی طرف بلایا اس نے کچھ تردد اور ہچکچاہٹ کا اظہار کیا سوائے ابوبکر بن ابی قحافہ کے۔ جب میں نے انہیں اسلام کی دعوت دی تو انہوں نے بغیر کسی تامل کے فوراً میری آواز پر لبیک کہا"۔

(ترمذی ابواب المناقب باب ما لاحدٍ عندنا ید حدیث نمبر 3661)

آنحضرت ﷺ پر ایمان لانے کے بعد حضرت ابوبکر صدیقؓ کو بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ اس کے باوجود آپ نے اس پیغام کو جو آنحضرت ﷺ خدا تعالیٰ کی طرف سے لائے تھے کھلے بندوں لوگوں تک پہنچانا شروع کیا اور اس کے لئے بے انتہا تکالیف برداشت کیں اور یہ سب کچھ آنحضرت ﷺ سے غیر معمولی محبت کی وجہ سے تھا۔

ایک روز رسول اکرم ﷺ اور حضرت ابوبکر صدیقؓ قریش مکہ کو تبلیغ کرنے کے لئے نکلے اور اس مقصد کے لئے مسجد حرام میں تشریف لے گئے۔ وہاں پر حضرت ابوبکر صدیقؓ نے لوگوں کو اللہ اور اس کے رسولؐ کی طرف دعوت دی۔ یہ پہلا موقع تھا کہ کسی نے حرم شریف میں آکر لوگوں کو اس طور پر اسلام کی دعوت دی۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کی اس دعوت پر کفار اور مشرکین ان پر ٹوٹ پڑے، بلکہ ان ظالموں نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو گرا لیا اور انہیں مارنے لگے۔ عتبہ بن ربیعہ نے تو حضرت ابوبکرؓ کے چہرے پر بھی ضربات لگائیں۔

یہ حال دیکھ کر ان کے قبیلے والے آگے بڑھے اور انہیں چھڑا کر گھر لے آئے۔ شام کے وقت آپؓ کو ہوش آیا تو آپ نے پہلا سوال ہی یہی کیا کہ "رسول اللہ ﷺ کا کیا حال ہے"۔ اس پر پہلے تو ان کی والدہ نے کہا کہ مجھے کچھ نہیں معلوم۔ پھر ام جمیل بنت الخطاب کے ذریعے سے معلوم ہوا کہ نبی اکرم ﷺ صحیح اور تندرست ہیں۔ اس کے بعد آپ نے پھر پوچھا "آپؐ کہاں ہیں"۔ اس پر بتایا گیا کہ آپ دار ارقم میں ہیں۔ یہ سن کر آپؓ آنحضرت ﷺ سے ملنے کے لئے بے چین ہو گئے۔ آپؓ کے اصرار پر والدہ انہیں رسول کریم ﷺ کے پاس لے کر گئیں۔ آنحضرت ﷺ نے جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا یہ حال دیکھا تو آپؐ کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے۔

اس وقت تک حضرت ابوبکر صدیقؓ کی والدہ ابھی مسلمان نہیں ہوئی تھیں، لیکن اس لمحے تو وہ خود آپؓ کو لے کر نبی اکرمؐ کی خدمت میں حاضر ہوئی تھیں۔

حضرت ابوبکر صدیقؓ نے اس موقع پر عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ میرے ماں باپ آپؐ پر قربان ہوں، اس کم بخت عتبہ کو میرے منہ سے کیا سروکار تھا! اس کے بعد مزید عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ یہ میری نیک بخت والدہ ہیں۔ آپؐ ان کے لئے دعا کریں کہ اسلام قبول کر لیں۔ لہٰذا آنحضرت ﷺ نے ان کے لئے دعا کی اور انہوں نے اسلام قبول کر لیا"

(ابوبکرؓ مصنفہ مولوی محمد علی چراغ 30,29)

آپ آنحضرت ﷺ کے اس قدر شیدائی تھے کہ رسول اکرم ﷺ نے کفار کے ساتھ جتنی جنگیں کیں ان میں آپ نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا، اور بہت زیادہ مالی مدد کی۔ یہی نہیں بلکہ آپ نے خود بھی ہر جنگ میں رسول خدا ﷺ کا بھرپور ساتھ دیا، اور آپ کی ہمیشہ یہی خواہش رہی کہ وہ اللہ کی راہ میں اپنی جان اسلام پر قربان کر دیں۔ اسی لئے تو آنحضرت ﷺ نے فرمایا تھا کہ:۔

"میں نے ہر ایک کے احسان اور بھلائی کا بدلہ اس دنیا میں دے دیا ہے۔ لیکن ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہم پر جو احسانات ہیں، ان کا بدلہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن دے گا"۔

(ترمذی ابواب المناقب باب ما لاحدٍ عندنا یدٌ حدیث نمبر 3661)

آپ کو آنحضرت ﷺ سے انتہائی عشق تھا۔ آپؐ کی تکلیف حضرت ابوبکرؓ کے لئے ناقابل برداشت تھی۔

ایک روز آنحضرت ﷺ بیمار ہو گئے تو کمزوری کی وجہ سے بستر پر پڑے سو گئے، آپؓ زیارت کے لئے حاضر ہوئے تو دیکھا کہ آنحضرت ﷺ بستر مرض پر پڑے ہیں تو حضرت ابوبکر صدیقؓ کو شدید غم لاحق ہوا، جب گھر واپس لوٹے تو خود بھی رسول اللہ ﷺ کے غم میں بیمار ہو گئے، جب نبی کریم ﷺ اپنے مرض سے شفایاب ہوئے تو ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملاقات کرنے تشریف لائے۔ (جب انہوں نے آپ کو دیکھا تو) ان کا چہرہ خوشی سے دمکنے لگا کہ رسول اللہ ﷺ شفایاب ہو گئے۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس عدیم النظیر محبت کا نقشہ کچھ اس طرح کھینچا ہے۔

مَرِضَ الْحَبِیْبُ فَعُدْتُّہٗ
فَمَرِضْتُ مِنْ اَسَفِیْ عَلَیْہِ
شُفِیَ الْحَبِیْبُ فَزَارَنِیْ
فَشُفِیْتُ مِنْ نَظْرِیْ اِلَیْہِ

میرے حبیب ﷺ بیمار ہوئے تو میں نے ان کی بیمار پرسی کی، پس میں اس غم کے مارے خود بیمار ہو گیا۔ پھر میرے حبیب ﷺ کو شفاء حاصل ہوئی تو وہ میرے ہاں تشریف لائے اور ان پر نظر پڑتے ہی میں بھی شفایاب ہو گیا۔

(من وصایا الرسول جلد 112 لوصیة الثانیه والخمسون ص 487 از طٰه عبد الله الهيشمي)

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ آنحضرت ﷺ ایک روز مسجد میں تشریف لائے اور ارشاد فرمایا: "اللہ نے اپنے بندے کو یہ حق دیا کہ خواہ وہ دنیا کو اختیار کرے خواہ آخرت کو لیکن اس نے آخرت میں اللہ کے قرب کو اختیار کیا حضرت ابوبکرؓ زار و قطار رونے لگے یہاں تک کہ ہچکی بندھ گئی۔ مجلس میں موجود صحابہ کو تعجب ہوا کہ آپ کیوں روتے ہیں لیکن آپؓ سمجھ گئے تھے کہ رسول اللہ خود اپنا ذکر فرما رہے ہیں۔

پھر آپ نے عرض کیا۔

"یا رسول اللہ! آپ پر ہماری جانیں اور ہماری اولاد قربان ہو کیا ہم آپ کے بعد زندہ رہ سکیں گے"؟

رسولؐ اللہ نے یہ سن کر فرمایا "مسجد میں لوگوں کے گھروں کے جس قدر دروازے ہیں بند کر دیئے جائیں۔ سوائے ابوبکر کے دروازے کے"۔ پھر آپؐ کی طرف اشارہ کر کے فرمایا:۔

میں نے اپنے صحابہ میں سے ابوبکرؓ سے افضل کسی کو نہیں پایا اور اگر میں بندوں میں سے کسی کو اللہ کے سوا خلیل بنانا چاہتا تو ابوبکرؓ کو بناتا لیکن ابوبکرؓ سے میرا تعلق ہم نشینی، بھائی چارے اور ایمان کا ہے یہاں تک کہ اللہ ہمیں اپنے پاس اکٹھا کر لے۔

(بخاری کتاب فضائل اصحاب النبی باب قول النبی سدو االابواب حدیث نمبر 3654، ترمذی ابواب المناقب باب لو کنت متخذاً

حضرت ابوبکر صدیقؓ نے ہر مشکل میں آپؐ کا ساتھ دیا۔ چنانچہ حضرت آنحضرت ﷺ کو جب کفار نے قتل کرنے کا منصوبہ بنایا تو آپ ﷺ نے خدا تعالیٰ کے حکم کے ماتحت ہجرت کا ارادہ فرمایا اس وقت بھی حضرت ابوبکرؓ ہی آپ کے ساتھ تھے۔

چنانچہ "جب کفار کی اذیت انتہاء کو پہنچ گئی اور صحابہ نے رسول اللہ ﷺ کے ارشاد کے ماتحت مدینہ کی طرف ہجرت شروع کی تو حضرت ابوبکر بھی تیار ہو گئے۔ مگر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تم ٹھہرے رہو یہاں تک کہ مجھے خدا تعالیٰ کی طرف سے حکم ہو۔ اکثر صحابہ ایک ایک دو دو کر کے مکہ سے نکل گئے تھے۔ لیکن آنحضرت ﷺ خدا تعالیٰ کے حکم کا انتظار کر رہے تھے۔ آخر وہ وقت آپہنچا کہ کفار نے رسول اللہ ﷺ کے قتل کے لئے پورا انتظام کر لیا۔ تب آپؐ کو حکم ہوا کہ اب ہجرت کر جائیں۔ آپ نے حضرت ابوبکرؓ کو اطلاع دی اور حضرت علیؓ کو اپنی جگہ بستر پر لٹایا اور خود حضرت ابوبکر کے ساتھ رات کی تاریکی میں نکل پڑے۔ مکہ معظمہ سے تین میل کے فاصلہ پر غار ثور تھی وہاں جا پہنچے۔

(سیرۃ النبیؐ کامل لابن ہشام ص 490)

غار میں پہلے حضرت ابوبکرؓ داخل ہوئے اور رات کی تاریکی میں اسے اپنے ہاتھوں سے صاف کیا پھر آپ ﷺ غار میں داخل ہوئے۔ رات کی تاریکی میں حضرت ابوبکر کو محسوس ہوا کہ ایک بل سے سانپ نکل رہا ہے حضرت ابوبکر نے اپنا پاؤں اس بل کے

اوپر رکھ دیا پاؤں پر زہریلے سانپ نے ڈس لیا۔ اس وقت آنحضرت ﷺ آرام فرما رہے تھے لیکن آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس ڈر سے کہیں رسول اللہ ﷺ بیدار نہ ہو جائیں، ذرا بھی حرکت نہ کی۔ درد کی شدت سے ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے آنسو نکل آئے کچھ دیر بعد آنحضرتؐ کی آنکھ کھل گئی۔ آپ ﷺ نے پوچھا: اے ابوبکر! کیا بات ہے؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا، میرے ماں باپ آپ ﷺ پر قربان! سانپ نے ڈس لیا ہے، نبی کریم ﷺ نے اپنا مبارک لعاب دہن اس پر لگایا تو جو درد ان کو محسوس ہو رہا تھا وہ ایسا ختم ہوا کہ گویا سانپ نے ڈسا ہی نہ ہو۔

(مشکوٰۃ المصابیح جلد 3 حدیث نمبر 6025)

اب قریش نے آپؐ کی تلاش شروع کی آخر غار کے منہ تک سراغ مل گیا اور یہ لوگ اس موقعہ پر پہنچ گئے جہاں سے ان کے پاؤں غار والوں کو دکھائی دیتے تھے۔ حضرت ابوبکر یہ دیکھ کر غمگین ہوئے کہ اب رسول اللہ ﷺ کا کیا بنے گا۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا غم نہ کرو ہم دو نہیں ایک تیسرا یعنی خدا بھی ہمارے ساتھ ہے۔ چنانچہ تعاقب کرنے والوں کو یہ توفیق نہ ملی کہ وہ غار کے اندر جھانک سکیں اور واپس چلے گئے۔ کھانے کا انتظام حضرت ابوبکرؓ نے یہ کر رکھا تھا کہ ان کا غلام عامر بن فہیرہ بکریاں چراتا ہوا شام کو غار کے منہ پر لے آتا۔ ان کا دودھ دوھ کر آپ کو دے دیتا اور اسی پر گذارہ کیا جاتا۔ تین دن رات یہی صورت رہی پھر وہ اونٹ لئے جو حضرت ابوبکرؓ نے اسی غرض سے پہلے تیار کر رکھے تھے اور مدینہ کو روانہ ہوئے۔ گو حضرت ابوبکرؓ کا ایک غلام بھی ساتھ تھا مگر حضرت ابوبکر خود رسول اللہ ﷺ کی خدمت اپنے ہاتھ سے کرتے یہاں تک کہ یہ قافلہ صحیح سلامت مدینہ پہنچ گیا"۔

(سیرۃ النبی لابن ھشام ص 498)

حضرت ابوبکر صدیقؓ کو آنحضرت ﷺ سے جس طرح بے مثال محبت تھی اسی طرح آپ کی اطاعت بھی بے مثال تھی۔ اور آپ کے ارشاد پر بے مثال قربانیاں پیش کیں۔

مسجد بنانے کی ضرورت پیش آئی تو زمین کی ساری قیمت حضرت ابوبکرؓ نے ادا کی۔ لڑائیوں میں مال خرچ کرنے کی ضرورت پیش آتی تو حضرت ابوبکر سب سے آگے ہوتے تھے۔ ایک موقعہ پر حضرت عمرؓ نے اپنا آدھا مال حضرت رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں لا حاضر کیا کہ وہ اس موقعہ پر ضرور حضرت ابوبکرؓ سے سبقت لے جائیں گے حضرت ابوبکرؓ آئے اور جو کچھ ان کے پاس تھا سب کا سب حاضر کر دیا۔ رسول اللہ ﷺ نے دریافت کیا کہ گھر میں کیا چھوڑ آئے ہو تو عرض کیا اللہ اور اس کا رسول اس طرح اپنا سارا مال آنحضرت ﷺ کی خدمت میں پیش کر دیا۔ اس لئے آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں:۔

کسی کے مال نے مجھے اتنا فائدہ نہیں پہنچایا جتنا ابوبکر کے مال نے پہنچایا ہے۔

(ترمذی ابواب المناقب باب مالاحدٍ عندنا یدٌ)

پھر آپ کی غیر معمولی اطاعت اور آنحضرت ﷺ سے بے مثال محبت کا نمونہ اس وقت نظر آتا ہے جب آنحضرت ﷺ کے وصال کے بعد آپ خلافت کے مقام پر فائز ہوئے۔

بیعت کے بعد جب حضرت ابوبکرؓ نے حضرت اسامہؓ کے لشکر کو کوچ کا حکم دیا جسے آنحضرت ﷺ نے روانہ کرنے کا ارادہ فرمایا تھا تو بعض لوگوں نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کی خدمت میں درخواست کی کہ اس وقت مدینہ کے حالات درست نہیں۔ اس لئے یہ لشکر روانہ نہ کیا جائے یا کم از کم حضرت اسامہؓ جو نو عمر ہیں ان کی بجائے کسی اور کو امیر لشکر مقرر کر دیا جائے۔ انہوں نے خلافت کے بارہ میں مہاجرین اور انصار کے اختلافات اور عرب قبائل کی بغاوت کا سہارا لیا اور حضرت ابوبکرؓ کی خدمت میں عرض کی کہ موجودہ دور مسلمانوں کے لئے سخت نازک اور پر خطر ہے، ہر طرف بغاوت کے شعلے بھڑک رہے ہیں، اس موقع پر لشکر شام بھیج کر مسلمانوں کی جمعیت کو منتشر کرنا مناسب نہ ہوگا۔ لیکن ابوبکرؓ نے نہایت ثابت قدمی اور اولوالعزمی سے فرمایا:۔

مجھے اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر مجھے یہ یقین ہو کہ جنگل کے درندے مجھے اٹھا کر لے جائیں گے تو بھی میں اسامہ کے اس لشکر کو روانہ ہونے سے نہیں روک سکتا جسے رسول اللہ نے روانہ ہونے کا حکم دیا تھا۔ اگر مدینہ میں میرے سوا کوئی بھی متنفس باقی نہ رہے تو بھی میں اس لشکر کو ضرور روانہ کروں گا"۔

ایک روایت یہ بھی ہے، جب حضرت اسامہؓ نے دیکھا کہ ان کے خلاف چہ میگوئیاں کی جا رہی ہیں تو انہوں نے حضرت عمرؓ سے کہا کہ آپ حضرت ابوبکرؓ کے پاس جائیے اور ان سے درخواست کریں کہ لشکر کی روانگی کا حکم منسوخ کر دیں تا کہ بڑھتے ہوئے فتنوں کے مقابلے میں یہ لشکر ممد و معاون ہو سکے اور مرتدین کو آسانی سے مسلمانوں پر حملہ کرنے کی جرأت نہ ہو۔ ادھر انصار نے حضرت عمرؓ سے کہا اگر حضرت ابوبکرؓ لشکر کو روانہ کرنے پر مصر ہوں تو ہماری طرف سے ان کی خدمت میں یہ درخواست کریں کہ وہ کسی ایسے آدمی کو لشکر کا سردار مقرر فرمائیں جو عمر میں حضرت اسامہؓ سے بڑا اور تجربہ کار ہو۔ حضرت عمرؓ نے جا کر سب سے پہلے حضرت اسامہ کا پیغام دیا۔ اس پر حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا:۔

"اگر جنگل کے کتے اور بھیڑیئے مدینہ میں داخل ہو کر مجھے اٹھا لے جائیں تو بھی میں وہ کام کرنے سے باز نہیں آؤں گا جسے رسول اللہ نے کرنے کا حکم دیا ہے"۔

اس کے بعد حضرت عمرؓ نے انصار کا پیغام دیا۔ یہ سنتے ہی حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا "اے ابن خطاب! اسامہؓ کو رسول اللہ ﷺ نے امیر مقرر فرمایا ہے اور تم مجھے کہتے ہو کہ میں اسے اس کے عہدے سے ہٹادوں"۔

چنانچہ حضرت اسامہؓ کی قیادت میں جب یہ لشکر روانہ ہونے لگا تو حضرت ابوبکر صدیقؓ اس لشکر کو روانہ کرنے کے لئے مدینہ سے باہر تشریف لائے۔ روانگی کے وقت لوگوں نے یہ حیرت انگیز نظارہ دیکھا کہ اسامہ تو سواری پر سوار ہیں اور خلیفۂ رسولؐ ان کے ساتھ ساتھ پیدل چل رہے ہیں یہ سب کچھ اس لئے تھا کہ لوگوں کے دلوں میں حضرت اسامہؓ کی تعظیم و تکریم کا جذبہ پیدا ہو جسے آنحضرت ﷺ نے اس لشکر کا امیر مقرر فرمایا تھا۔

حضرت اسامہؓ کے لئے یہ صورت حال قابل قبول نہ تھی کہ وہ تو گھوڑے پر سوار ہوں اور رسول اللہؐ کا سب سے محبوب ساتھی، خلیفۃ المسلمین اور مسلمانوں کا سب سے قابل تعظیم شخص بڑھاپے کے باوجود پیدل چل رہا ہو۔ انہوں نے عرض کی:

"اے خلیفۂ رسول! یا تو آپ بھی سوار ہو جائیے ورنہ میں بھی اتر پڑتا ہوں"

اس پر حضرت ابوبکرؓ نے جواب دیا:

"واللہ! نہ تم اترو گے نہ میں سوار ہوں گا۔ کیا ہوا اگر میں نے ایک گھڑی اپنے پاؤں اللہ کی راہ میں غبار آلود کر لئے"۔

حضرت ابوبکر صدیقؓ نے لشکر کو الوداع کرتے ہوئے حضرت اسامہ سے کہا "اگر آپ چاہو تو میری مدد کے لئے عمر کو چھوڑتے جاؤ"۔

اس پر حضرت اسامہؓ نے بڑی خوشی سے حضرت عمرؓ کو حضرت ابوبکرؓ کے ساتھ واپس جانے کی اجازت دے دی"۔

اللہ اللہ حضرت ابوبکرؓ آنحضرت ﷺ کے ایک ایک لفظ کی کس طرح اطاعت کرتے ہیں کہ حضرت اسامہ کی اجازت کے بغیر حضرت عمر کو بھی روکنا پسند نہ کیا۔

(ابوبکر صدیق مصنفہ محمد حسین ہیکل ص 126 تا 129)

آنحضرت ﷺ کو جو محبت حضرت ابوبکرؓ کے ساتھ تھی اس کا کچھ تذکرہ بھی ضروری معلوم ہوتا ہے۔

"ایک شخص جہاد سے واپس آیا۔ اس وقت نبی کریم ﷺ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں تھے، چنانچہ وہ شخص جب آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو رسول اکرم ﷺ نے اس کا استقبال کیا اور فرمایا: صحیح سلامت واپس بھی آ گئے اور مال غنیمت بھی حاصل کر لیا ہے، ہاں، بتاؤ، کس کام سے آئے ہو؟ اس آدمی نے دریافت کیا کہ آپ کو لوگوں میں سب سے زیادہ محبوب کون شخص ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: عائشہ۔ اس شخص نے سر ہلاتے ہوئے کہا۔ میری مراد عورتوں میں سے نہیں ہے بلکہ مردوں میں سے پوچھنا چاہتا ہوں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس کے والد (یعنی ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

(بخاری کتاب فضائل اصحاب النبی باب من فضائل ابی بکر)

آنحضرت ﷺ کی وفات کا وقت جب قریب آیا تو نماز کی امامت کے لئے حضرت ابوبکرؓ کو ہی آپ نے منتخب فرمایا۔ اس ذیل میں حضرت عائشہؓ کی ایک روایت قابل ذکر ہے۔ آپ فرماتی ہیں:۔

"جب رسول اللہ زیادہ بیمار ہوئے تو بلال نماز کے لئے عرض کرنے آئے۔ آپ نے فرمایا ابوبکرؓ سے کہہ دو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔ میں نے کہا ابوبکر بہت رقیق القلب انسان ہیں۔ جب آپ کی جگہ کھڑے ہوں گے تو ضبط نہ کر سکیں گے اور اس طرح لوگوں کی نماز میں خلل پڑے گا۔ اگر آپ عمر کو نماز پڑھانے کا حکم دیں تو بہتر ہو۔ آپ نے یہ سن کر فرمایا، ابوبکر سے کہو کہ وہ نماز پڑھائیں۔ اس پر میں نے حفصہ سے کہا ابوبکر رقیق القلب ہیں وہ نماز میں رونا شروع کر دیں گے اور لوگوں کی نماز میں خلل پڑے گا۔ تم رسول اللہؐ سے کہو کہ وہ ابوبکر کی جگہ عمر کو نماز پڑھانے کا حکم دیں۔ چنانچہ حفصہ نے یہی بات جا کر آپ سے کہہ دی۔ اس پر آپ نے فرمایا یقیناً یقیناً تم وہی عورتیں ہو جنہوں نے یوسفؑ کو بہلانے پھسلانے کی کوشش کی تھی۔ ابوبکر سے کہو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔ اس پر حفصہ نے مجھ سے کہا تم نے مجھے ناحق شرمندہ کرایا"۔

(ترمذی ابواب المناقب باب مروا ابا بکرٍ فلیصل الناس)

رسول اللہؐ کے حسب ارشاد ابوبکرؓ نے نماز پڑھائی۔ ایک دن ابوبکر مدینہ سے باہر تشریف لے گئے تھے کہ نماز کا وقت ہو گیا۔ حضرت بلالؓ نے حضرت ابوبکرؓ کو نہ پا کر حضرت عمرؓ سے نماز پڑھانے کو کہا۔ حضرت عمرؓ بلند آواز تھے۔ جب آپ نے تکبیر کہی تو اس کی آواز حضرت عائشہ کے حجرے میں رسول اللہ کے کانوں تک پہنچی۔ آپ نے فرمایا "ابوبکر کہاں ہے؟ اللہ اور مسلمان یہ بات پسند کرتے ہیں کہ ابوبکر نماز پڑھائیں"۔

(ابوبکر صدیق مصنفہ محمد حسین ہیکل ص 59)

پھر ایک اور واقعہ احادیث میں ملتا ہے جس سے آنحضرت ﷺ کی حضرت ابوبکرؓ سے محبت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے چنانچہ روایات میں ملتا ہے کہ ایک دفعہ حضرت ابوبکر اور حضرت عمرؓ کے درمیان کسی بات پر تکرار ہو گئی حضرت ابوبکرؓ نے حضرت عمرؓ سے معذرت کی لیکن حضرت عمرؓ نے معذرت قبول نہ کی۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اس واقعہ کا ذکر آنحضرت ﷺ کے ساتھ کیا۔ اتنے میں حضرت عمرؓ بھی آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو گئے اور اپنی غلطی پر معذرت کرنے لگے۔ حضرت ابوبکرؓ نے عرض کی یا رسول اللہ غلطی تو میری تھی میں معذرت کرتا ہوں اس پر آنحضرت ﷺ کا چہرہ سرخ ہو گیا اور فرمایا:

یعنی اللہ تعالیٰ نے مجھے تمہاری طرف پیغمبر بنا کر بھیجا تم نے کہا تو جھوٹا ہے لیکن ابوبکر نے کہا آپ سچے ہیں اس نے اپنے مال و جان سے میری ہمدردی کی کیا تم میرے دوست کو میرے لئے چھوڑو گے اور آپ نے یہ بات دو یا تین دفعہ دہرائی۔

(بخاری کتاب فضائل اصحاب النبی باب قول النبی لو کنت متخذاً خلیلاً)

مکرم عطاء المجیب راشد صاحب۔افسر جلسہ گاہ برطانیہ

آؤ لوگو! کہ یہیں نور خدا پاؤ گے!!

جلسہ سالانہ برطانیہ میں جوق در جوق شرکت کریں

جولائی کا مہینہ شروع ہوتے ہی لندن کی فضاؤں میں ایک عجیب بھینی بھینی خوشبو رچ بس جاتی ہے۔ یوں لگتا ہے کہ ہم ایک ایسی منزل کے قریب تر ہو رہے ہیں جس کا سارا سال انتظار لگا ہوا تھا۔ یہ ساعت سعد آئے گی تو اکناف عالم سے احمدیت کے شیدائی اور شمع خلافت کے پروانے اڑ کر یہاں پہنچیں گے اور اس ملک کے مخلصین کے ساتھ مل کر تین دن کچھ ایسی محویت اور فدائیت کے عالم میں گزاریں گے کہ یہ حسین اور بابرکت دن تو چند لمحوں کی طرح پلک جھپکنے میں گزر جائیں گے لیکن سب کو، دل و جان سے پیارے آقا کے بابرکت کلمات سے، ایک مستجاب، محبوب الٰہی وجود کی دعاؤں کی برکت سے، کچھ اس طرح مالا مال کر جائیں گے کہ ان کی روح پاتال تک سیراب ہو جائے گی اور اس روحانی تجربہ کی لذت سارا سال ان کے دلوں کو گرماتی رہے گی۔ واپس جاتے ہی وہ پھر اگلے جلسہ سالانہ کے انتظار میں دن گننے لگ جائیں گے!

یہ کوئی تصوراتی خاکہ نہیں بلکہ حقیقت یہ ہے کہ جماعت احمدیہ برطانیہ کے جلسہ سالانہ کے موقع پر ہر سال جلسہ میں شامل ہونے والے ہزاروں افراد اس تجربہ سے گزرتے ہیں اور جلسہ کی حسین یادیں ان کی زندگی کا مستقل حصہ بن جاتی ہیں۔

جماعت احمدیہ کا جلسہ سالانہ اپنی ایک منفرد شان اور امتیازی حیثیت رکھتا ہے۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی بنفس نفیس اس میں شمولیت، حضور انور کے جلسہ سالانہ کے دوران ایک خطبہ جمعہ اور چار روح پرور خطابات، پانچوں نمازوں میں موجودگی، جملہ انتظامات کی براہ راست تفصیلی نگرانی اور راہنمائی اور حضور انور کی ہمہ وقت جلسہ کے ماحول میں موجودگی کی برکت سے جلسہ سالانہ یوکے کی فضاؤں میں ایک عجیب روحانی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔ یہ روحانی کیفیت مخلصین کے دلوں میں اترتی، دعاؤں میں ڈھلتی اور مومنین کی باہمی محبت والفت میں چھلکتی دکھائی دیتی ہے۔ جلسہ کے یہ تین دن کہنے کو صرف تین دن ہوتے ہیں لیکن مخلصین کے دلوں میں پاک تبدیلیاں پیدا کر جاتے ہیں اور جو ان دنوں کی برکتوں سے پورا فائدہ اٹھاتے ہیں ان کی زندگیوں میں ایک روحانی انقلاب برپا کر دیتے ہیں۔

امسال تو اس جلسہ سالانہ کی شان عام جلسوں سے بہت بڑھ کر ہوگی۔ ابھی سے دلوں میں ایک جذباتی ہیجان کی کیفیت پیدا ہو رہی ہے۔ خلافت کی نعمت الٰہی پر سو سال پورے ہونے پر ہر احمدی کا دل جذبات تشکر سے لبریز ہوگا۔ وہ جابجا سجدات شکر بجا لاتا نظر آئے گا۔ اس نعمت خلافت کے زندہ و تابندہ مظہر کو اپنے درمیان پا کر عشاق کے دل کی کیا حالت ہوگی اور دوسری طرف شمع خلافت پر پروانوں کو نثار ہوتے دیکھ کر پیارے آقا کے دل سے کس طرح محبت بھری دعائیں بے اختیاری کے عالم میں پھوٹ پھوٹ کر نکل رہی ہوں گی۔ ہر طرف خلافت کی برکتوں کے تذکرے ہوں گے۔ ہر زبان پر خلافت سے وابستگی کی باتیں ہوں گی۔ ہر مجلس میں اس شمع پر پروانہ وار فدا ہونے کے وعدوں کی تجدید ہو رہی ہوگی۔

یہ جلسہ سالانہ جماعت احمدیہ برطانیہ کا 42 واں جلسہ سالانہ ہے جو 25-26 اور 27 جولائی 2008ء کو جماعت احمدیہ کی بہت وسیع جلسہ گاہ حدیقۃ المہدی میں منعقد ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ اس جلسہ سالانہ کو یہ امتیاز بھی حاصل ہے کہ یہ خلافت احمدیہ کی صد سالہ جوبلی کے سال میں برطانیہ میں منعقد ہو رہا ہے۔ یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ یہ خلافت احمدیہ کی دوسری بابرکت صدی کا پہلا جلسہ سالانہ ہے جو حدیقۃ المہدی برطانیہ میں منعقد ہو رہا ہے۔ امید ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس جلسہ میں شاملین کی تعداد گزشتہ سب سالوں سے زیادہ ہوگی اور یہ تعداد خلافت احمدیہ سے احباب جماعت کی دلی محبت کا نشان بن کر ہمیشہ ایک یادگار رہے گی۔

جلسہ سالانہ کے دوران نماز تہجد کا باجماعت اہتمام ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں پانچوں نمازیں جلسہ گاہ میں باجماعت ادا کی جاتی ہیں۔ قرآن مجید اور احادیث نبویہ کا درس ہوتا ہے۔ ذکر الٰہی اور رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم پر صبح و شام درود پڑھنے کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ جلسہ سالانہ کی کارروائی میں سب سے اہم حصہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے علمی اور روحانی خطابات ہوتے ہیں۔ غیر از جماعت معززین بھی خطاب کرنے کے لئے تشریف لاتے ہیں علاوہ ازیں امسال جلسہ سالانہ کے دوران مندرجہ ذیل احباب کرام کی تقاریر بھی ہوں گی۔

☆ مکرم ومحترم سید میر محمود احمد صاحب ناصر۔ پرنسپل جامعہ احمدیہ ربوہ (نظام خلافت کی اہمیت) اردو میں

☆ مکرم ومحترم رفیق احمد حیات صاحب۔ امیر جماعت احمدیہ برطانیہ (خلافت احمدیہ کے سو سال) انگریزی میں

☆ مکرم ومحترم سید محمود احمد شاہ صاحب۔ ناظر اصلاح وارشاد ربوہ (خلافت کی برکات اور ہماری ذمہ داریاں) اردو میں

☆ مکرم ومحترم نصیر احمد صاحب قمر ایڈیشنل وکیل الاشاعت لندن (خلافت احمدیہ اور خدمت قرآن) اردو میں

☆ مکرم ومحترم راویل بخاریائف صاحب۔ لندن (عصر حاضر میں خلافت کی اہمیت) انگریزی میں

☆ خاکسار عطاء المجیب راشد امام بیت الفضل لندن (خلافت راشدہ) انگریزی میں

یہ امر قابل ذکر ہے کہ سب تقاریر کا دنیا کی بارہ زبانوں میں رواں ترجمہ کا انتظام ہوتا ہے اس طرح اکناف عالم سے آنے والے احباب اپنی اپنی زبان میں سب تقاریر سے بھرپور استفادہ کرتے ہیں۔ جلسہ سالانہ کے آخری روز ایک نہایت ہی ایمان افروز اور دلربا تقریب بھی منعقد ہوتی ہے جو بیعت کی عالمگیر تقریب کہلاتی ہے۔ دوران سال جماعت احمدیہ میں داخل ہونے والے لاکھوں افراد بیک وقت خلیفۂ وقت کے دستِ مبارک پر بیعت کر کے اور اپنی اپنی زبانوں میں ساتھ کے ساتھ بیک وقت بیعت کے الفاظ دوہرا کر جماعت احمدیہ کے روحانی عالمگیر نظام میں شامل ہوتے ہیں۔ جماعت احمدیہ کے عالمگیر مواصلاتی نظام MTA کے ذریعہ ساری دنیا کے نو احمدی اور پرانے احمدی اس غیر معمولی اور منفرد نوعیت کی تقریب میں شمولیت کرتے ہیں۔ جلسہ سالانہ کی ساری کارروائی MTA پر ساتھ کے ساتھ نشر کی جاتی ہے جو ساری دنیا میں دیکھی اور سنی جاتی ہے۔

برطانیہ میں کئی ماہ سے جلسہ سالانہ کے سلسلہ میں تیاریاں ہو رہی ہیں۔ جلسہ سالانہ، جلسہ گاہ اور خدمت خلق کے ہزاروں کارکنان لمبے عرصہ سے اپنے اپنے شعبہ جات میں مصروف عمل ہیں اور جلسہ سالانہ میں شمولیت کرنے کے لئے آنے والوں کے لئے ہر ممکن سہولت مہیا کرنے کے لئے ہمہ تن مصروف ہیں۔ ساری جماعت کے احباب ان مہمانوں کے لئے چشم براہ ہیں جو اس مقدس جلسہ میں شمولیت کے لئے اور اپنے دامن جلسہ سالانہ کی برکتوں سے بھرنے کے لئے تیاریوں میں مصروف ہیں۔ یہ مہمان دراصل سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود کے مہمان ہیں جو اس جلسہ میں شامل ہونے کے لئے آ رہے ہیں جس کا آغاز آپ نے 1891ء میں فرمایا تھا۔ پہلے جلسہ میں صرف 75 افراد شامل ہوئے اور ایک روز کا یہ جلسہ قادیان دارالامان کی ایک چھوٹی سی بیت اقصیٰ میں منعقد کیا۔ یہ دراصل ایک مقدس بیج تھا جو خدا کے اذن سے بویا گیا اور اب اسی کے فضل سے ایک عظیم الشان عالمگیر درخت بن گیا ہے جس کی شاخیں ساری دنیا میں پھیل چکی ہیں۔ آج کروڑوں افراد اس عالمگیر درخت کی چھاؤں میں قرب الٰہی اور وصل الٰہی کی دائمی لذتوں سے فیضیاب ہو رہے ہیں۔

جلسہ سالانہ کی برکتوں کا کوئی شمار نہیں۔ مامور من اللہ اور امام الزمان کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے، اس کی دعوت پر امام وقت کے در پر حاضر ہونے سے تو دنیا و آخرت سنور جاتی ہے اور ہر شخص ان محبت بھری دعاؤں کا وارث بنتا ہے جو سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود نے ان سب لوگوں کے حق میں فرمائیں جو قیامت تک اس آسمانی آواز پر لبیک کہتے ہوئے، خلوص نیت کے ساتھ، ان جلسوں میں شامل ہوتے رہیں گے۔ ذرا اندازہ تو کیجئے اس خوش نصیب کا جو جلسہ سالانہ میں سچی نیت سے آتا ہے اور دن رات اپنے ایمان کو تازہ کرنے اور اپنے دینی علم کو بڑھانے کے بعد جب واپس جاتا ہے تو حضرت مسیح پاک کی یہ شفقت بھری دعائیں اس پر سایہ فگن ہوتی ہیں۔ آپ نے فرمایا:

ہر یک صاحب جو اس للّٰہی جلسہ کے لئے سفر اختیار کریں۔ خدا تعالیٰ ان کے ساتھ ہو اور ان کو اجر عظیم بخشے اور ان پر رحم کرے اور ان کی مشکلات اور اضطراب کے حالات ان پر آسان کر دیوے اور ان کے ہم و غم دور فرماوے اور ان کو ہر یک تکلیف سے مخلصی عنایت کرے اور ان کی مرادات کی راہیں ان پر کھول دیوے اور روز آخرت میں اپنے ان بندوں کے ساتھ ان کو اٹھاوے جن پر اس کا فضل و رحم ہے اور تا اختتام سفر ان کے بعد ان کا خلیفہ ہو۔ اے خدا اے ذوالمجد والعطاء اور رحیم اور مشکل کشا یہ تمام دعائیں قبول کر اور ہمیں ہمارے مخالفوں پر روشن نشانوں کے ساتھ غلبہ عطا فرما کہ ہر یک قوت اور طاقت تجھ ہی کو ہے۔ آمین ثم آمین۔

(اشتہار 7 دسمبر 1892ء مجموعہ اشتہارات جلد اول صفحہ 342)

اس جلسہ پر جس قدر احباب محض للہ تکلیف سفر اٹھا کر حاضر ہوئے خدا ان کو جزائے خیر بخشے اور ان کے ہر یک قدم کا ثواب ان کو عطا فرماوے۔ آمین ثم آمین

(آسمانی فیصلہ۔ روحانی خزائن جلد 4 صفحہ 351)

خدا کرے کہ یہ سب مقدس دعائیں شاملین جلسہ کے شامل حال رہیں۔ آمین

لائی گسٹرم لوسی ڈم

(Ligustrum Lucidum)

یہ سدا بہار اور مضبوط ترین پودا ہے جس کی زیادہ سے زیادہ بلندی آٹھ دس فٹ ہوتی ہے۔ یہ پودا مضبوط ہونے کے باعث گھر اور باغ میں کئی سال تک موجود رہتا اور پھول پیدا کرتا ہے۔ اس جھاڑی نما پودے کی موجودگی میں دیگر پھولدار پودوں کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔ اس پودے کی سب سے بڑی پہچان یہ ہے کہ اس کی شاخیں نیچے کی طرف لٹکی ہوئی ہوتی ہیں۔ یہ پودا زرد اور سفید رنگ کے انتہائی خوشبودار پھول دیتا ہے۔ یہ پودا زیادہ تر قلم کے ذریعے پیدا کیا جاتا ہے۔ اس کے پتے سال بھر قائم رہتے ہیں جن کی وجہ سے یہ پودا پورا سال پُر بہار نظر آتا ہے۔ اکثر گھروں میں دوسرے جھاڑی نما پودوں کی نسبت اس کی کاشت کو ترجیح دی جاتی ہے۔

مکرم عزیز احمد رانا صاحب

سولر ٹیکنالوجی ۔ ایک تعارف

سولر انرجی کی پہلی قسط مطبوعہ الفضل 22 فروری 2008ء میں سولر ٹیکنالوجی سے متعلق جنرل معلومات فراہم کی گئی تھیں۔ آج ہم آپ کو چند ایسی اشیاء کا تعارف پیش کریں گے جو کہ آسانی کے ساتھ گھریلو استعمال میں لائی جاسکتی ہیں۔

سولر چولہا (Solar Stove)

یہ ایک بہت سادہ سا آلہ ہے جس میں سورج کی شعاعوں کو ایک جگہ مرکوز کر کے 200 سے 300 ڈگری تک حرارت حاصل کی جاسکتی ہے اور ہر طرح کی اشیاء پکائی یا گرم کی جاسکتی ہیں۔ اس کی شکل عام ڈش انٹینا کی طرح ہے اور یہ کام بھی اسی اصول پر کرتا ہے جیسے ڈش انٹینا تمام لہروں کو LNB پر مرکوز کرتا ہے اسی طرح چولہا سورج کی شعاعوں کو ایک پوائنٹ (نقطہ) پر مرکوز کرتا ہے یہ بات یاد رکھنے کی ہے چونکہ سورج حرکت میں رہتا ہے اس لئے تھوڑی تھوڑی دیر بعد چولہے کو سمت متعین کرنے کے لئے ہلانے کی ضرورت ہوتی ہے مگر بہت جلد یہ اپنے نقطہ پر بڑی چیز (دیگچی/توا) کو گرم کر دیتا ہے اس چولہا کی افادیت یہ ہے کہ اس سے ایندھن (Fuel) بمع تیل، لکڑی اور گیس کی بہت بچت ہوسکتی ہے۔ اس کے علاوہ دھویں سے بچا جاسکتا ہے۔ یہ چولہا بیرونی استعمال یعنی پکنک وغیرہ کے لئے نہایت موزوں ہے۔

سولر لیمپ (Solar Lamp)

سولر لیمپ ایک نہایت چھوٹا سا اور سادہ سا لیمپ ہے جو کہ کچھ عرصہ دھوپ میں رکھنے سے چارج ہو جاتا ہے اور پھر دو سے تین گھنٹے چلنے کی صلاحیت رکھتا ہے اور اس کے اوپر ایک Silicon کا سولر سیل لگا ہوا ہوتا ہے جو کہ دھوپ میں رکھنے سے چارج ہو جاتا ہے۔

سولر گارڈن لائٹ (Solar Garden Light)

سولر لیمپ کی طرح سولر گارڈن لائٹ بھی سولر سیل سے چارج ہوتی ہے۔ دن بھر سورج کی روشنی سے چارج ہونے کے بعد شام کو چند گھنٹے کے لئے روشنی فراہم کرتا ہے۔ ایک چیز جو سولر لیمپ اور سولر گارڈن لائٹ میں مشترک ہے وہ Rechargeable بیٹری ہے جو کہ دھوپ سے چارج ہوتی ہے بالکل اسی طرح جس طرح کہ گاڑی کی بیٹری چارج ہوتی ہے۔

سولر پینل (Solar Penal)

سولر پینل چونکہ Silicon Cells سے بنتا ہے اس لئے ابھی یہ قیمتاً بہت مہنگا ہے مگر گھروں کی چھتوں کو اس طرح ڈیزائن کیا جاسکتا ہے کہ ان پر پینل لگائے جاسکیں اگر یہ ٹیکنالوجی پاکستان میں عام ہو جائے تو بہت سے ایندھن Fuel کی اور توانائی خاص طور پر بجلی کی بچت ہوسکتی ہے۔

گرین ہاؤس ایفیکٹ (Green House Effect)

سولر انرجی کے استعمال کی بدولت ایک بہت بڑا مسئلہ جو کہ دنیا کو درپیش ہے اس سے بچنے کی کوشش کی جاسکتی ہے۔ عام ایندھن کے استعمال سے بہت سی مختلف قسم کی Gases ہوا میں شامل ہو جاتی ہیں جس کی وجہ سے Ozone Layer جو کہ خدا تعالیٰ نے زمین کی حفاظت کے لئے پیدا کی ہے کو نقصان پہنچ رہا ہے اس سے Ultraviolet شعاعیں سطح زمین پر براہ راست آنا شروع ہوگئی ہیں جس سے زمین کی درجہ حرارت 2 سے 3 ڈگری سینٹی گریڈ بڑھ چکا ہے اور مسلسل اس میں اضافے کا خدشہ ہے اگر یہ سلسلہ جاری رہا تو Glaciers کی جو برف سالہا سال سے موجود ہے وہ پگھل کر سمندر کی سطح کو بلند کر دے گی اس سے زمین کا بہت سا حصہ زیر آب آجائے گا بلکہ یوں کہیں کہ کئی ایک چھوٹے ملک صفحۂ ہستی سے مٹ جائیں گے ان ممالک میں سب سے پہلا نام Myanmar (برما) کا ہے۔ Ozone Layer کو نقصان پہنچانے میں سب سے بڑا ہاتھ Livelosty کا ہے جو کہ گیس اور آئل سے بنے Fuels پر چلتی ہے اس سے کاربن ڈائی آکسائیڈ CO_2 ہوا میں پھیلتی ہے اور Ozone Layer کی تباہی کا باعث ہے۔

اب یوں محسوس ہوتا ہے کہ جیسے توانائی حاصل کرنے کے تمام ذرائع ختم ہو رہے ہیں اور صرف سورج ہی ایک ایسی واحد طاقت ہے جس میں انرجی کم نہیں ہوئی اور یہی ایک ایسی طاقت ہے جس سے دنیا کا نظام قائم ہے اور انرجی حاصل کر رہا ہے اس وجہ سے بھی سورج کی روشنی کی اہمیت بہت بڑھ جاتی ہے۔

حاصل بحث یہ ہے کہ ہمیں آج یا کل سورج سے حاصل انرجی کی افادیت کو تسلیم کرنا ہوگا اور آخر کار سولر انرجی ہی مستقبل کی واحد قوت بن کر ابھرے گی۔

مزید معلومات یا رابطہ کے لئے۔

Pakistan Council Of Renewable Energy Technologies.
No: 25, H-9, Islamabad
Phone: +92-51-4434933
Email: shamsi@isb.comsats.net.pk

بقیہ صفحہ 4

جس طرح قرآن کریم نے حضرت ابوبکر کو آنحضرت ﷺ کا صاحب اور دوست قرار دیا اسی طرح آنحضرت ﷺ نے بھی اس روایت میں ابوبکر کے لئے صاحبی میرا دوست کے الفاظ استعمال فرمائے ہیں۔

حضرت مسیح موعود آیت الیوم اکملت لکم دینکم کی تشریح میں فرماتے ہیں:۔

